## بل

## خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017ء میں مزید ترمیم

جبکہ خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017ء (ایکٹ نمبر II آف 2017) میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے جو کہ اس کے بعد ظاہر ہونے والے مقاصد کیلئے ہو گا:

یہ ذیل کے طور پر خیبر پختونخوا کی صوبائی اسمبلی نے نافذ کیا ہے:

(1) (الف) **مختصر عنوان اور آغاز۔** اس ایکٹ کو خیبر پختونخوا پولیس (ترمیمی) ایکٹ 2024ء کہا جائے گا۔

(ب) **یہ فوراً نافذ العمل ہو گا۔**

(2) **خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017ء (ایکٹ نمبر II آف 2017) کے سیکشن 32 میں ترمیم۔**

خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017ء (ایکٹ نمبر II آف 2017) کے سیکشن 32 کے سب سیکشن (1) میں مندرجہ ذیل کو متبادل کیا جائے گا:

(1) اسسٹنٹ سب انسپکٹر ASI کی اسامیوں کو مقررہ طریقہ کار کے، مطابق مندرجہ ذیل کوٹہ کے حساب سے پر کیا جائے گا:

(a) 50٪ ہیڈ کانسٹیبلوں، میں سے، ڈیپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی کی سفارش پر؛

(b) 25٪ گریجویٹ کانسٹیبلز یا ہیڈ کانسٹیبلز میں سے، میرٹ پر انتخاب کے ذریعے، خیبر پختونخواہ پبلک سروس کمیشن کی سفارش پر، مسابقتی امتحان کے ذریعے ؛

(c) 12.5٪ ابتدائی بھرتی، خیبر پختونخواہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے؛ اور

(d) 12.5٪ ابتدائی بھرتی کے ذریعے، پولیس کے شہداء کے وارڈز میں سے، سنیارٹی کی بنیاد پر، جس کا تعین شہادت کی تاریخ اور ان کی اہلیت سے کیا جائے گا:

بشرطیکہ اس شق کے تحت شہداء پولیس کے وارڈز کے لیئے مختص کوٹہ سے خالی رہ جانے والی نشستوں کو، شق (C) کے تحت ابتدائی بھرتی کے ذریعہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر ASI کی تقرری کے لیئے مختص کوٹہ کی طرف منتقل کر دیا جائے گا۔

### اسباب اور وجوہات کا بیان۔

خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017ء (ایکٹ نمبر II آف 2017) میں ترمیم کرنا مطلوب ہے اس لئے یہ بل۔

بدستخطی وزیر موصوف۔

پشاور ----------------

مورخہ ----------------